© rasailojaraid.com



کردیا گیا ہے، تخریج کا یہ مشکل کام دارالعلوم حقانیہ کے ایک ہونہار فرزند مولانا مفتی محمد اسامہ حقانی نے کیا جنھوں نے دارالعلوم کے شعبہ تخصص فی الفقہ والافتاء سے فراغت حاصل کی اور اب اسی شعبہ کے مشرف اساتذہ کے معاون اور نائب ہیں۔ طباعتی جاں گسل مراحل کی ذمہ داریاں برخوردارم مولانا عرفان الحق اظہار حقانی، استاد جامعہ دارالعلوم حقانیہ انجام دیئے۔ فتاویٰ کے اس مجموعہ (چھ مجلدات) میں ۲۰۰۲ء، ۱۴۲۲ھ تک کے فتاویٰ شامل تھے، اسکے بعد چودہ پندرہ سال میں ایک بڑی تعداد کا اضافہ ہوگیا ہے، جنکی ترتیب وتدوین کا کام جاری ہے اور بہت جلد تکملہ فتاویٰ حقانیہ کی شکل میں مزید جلدیں بھی شائع ہونگی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مجموعہ کو تاقیامت افادہ واستفادہ اور رہنمائی خلق خدا کا ذریعہ بنادے اور اسکے مفتیان کرام اور مرتبین کی محنتوں کو انکے حق میں صدقہ جاریہ بنادے اور ترتیب و تدوین، تخریج و تنقیح، انتخاب وتحقیق میں حصہ لینے والے تمام حضرات کو دارین میں اسکا صلہ عطا فرماوے۔ یہ سارا کام محض توفیق خداوندی اور فضل ایزدی کا نتیجہ ہے، ایک بار پھر قارئین سے گزارش ہے کہ مہماامکن عبارات کی اصلاح اور غلطیوں کے تدارک کی سعی کی گئی ہے مگر اسکے بعد بھی کہیں جواب میں یا عبارت میں غلطی نظر آئے تو اسکی نشاندہی کی جائے تاکہ آئندہ اس کا ازالہ کیا جاسکے۔ اللہ تعالیٰ دارالعلوم کے برگزیدہ اساتذہ، مشائخ ومفتیان کرام کی اس علمی کاوش کو انکے دارین میں رفع درجات کا ذریعہ بنادیا۔

### (۲) دعواتِ حق (۴ جلدیں)

الحمدللہ عزوجل کہ حضرت شیخ الحدیث سیدی ووالدی مولانا عبدالحق قدس سرہ کے خطبات ومواعظ ''دعواتِ حق'' کا مجموعہ جو اس سے قبل دو جلدوں پر مشتمل تھا، اب نئے پیرایہ میں چار جلدوں میں شائع ہورہا ہے، پہلے ایڈیشن خوشنویسوں کی کتابت اور طباعت سے ہوئی تھی جبکہ اب کمپیوٹر کی کمپوزنگ نے دنیا کو یکسر تبدیل کردیا ہے اور کتابوں کو اس کے ذریعہ استفادہ اور مطالعہ کو سہل الحصول بنادیا ہے جو کمپوز شدہ مطبوعات سے ہی ممکن ہے، اس کے علاوہ ان مواعظ کے احادیث وآثار واقعات اور مضامین کی تحقیق، مآخذ کی مراجعت اور تخریج کا کماحقہ حق ادا نہیں ہوسکا تھا، اب پیش نظر چاروں جلدوں کی حتی الوسع تخریج ومراجعت کردی گئی ہے، اگرچہ ہر وعظ کے اہم مباحث کی نشاندہی عنوانات اور ذیلی سرخیوں کے ذریعہ کردی گئی تھی مگر اب اس کی مزید نشاندہی مزید عنوانات کے ذریعہ کردی گئی، اس سلسلہ میں موتمر المصنفین سے وابستہ ٹیم میں مولانا محمد اسلام حقانی، مولانا راحت نیاز حقانی، مولانا اسد اللہ حقانی، جناب بابر حنیف، جناب فضل حیٔ آصف، برخوردارم مولانا عرفان الحق اظہار حقانی میں سے ہر ایک نے پروف ریڈنگ سے لے کر طباعت تک کے مراحل میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

© rasailojaraid.com